PUNJAB
Education Foundation

مراسلہ نمبر: PEF/CIR/09-2026/405 تاریخ: 03 ستمبر 2026

محترم NSSE پارٹنرز

عنوان: NSSE پارٹنر اسکولوں میں پیف بورڈ سے آویزاں کرنے سے متعلق ہدایات

السلام علیکم!

پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن (PEF) مستحق طلباء و طالبات کو معیاری تعلیم کی فراہمی کے لیے مسلسل کوشاں ہے۔ اس مقصد کے تحت نواز شریف اسکول آف ایمیننس (NSSE) پروگرام کے ذریعے طلباء کو **مفت تعلیم** اور **درسی کتب** کی سہولت فراہم کی جارہی ہے۔ عوام الناس میں اس سہولت کے بارے میں آگاہی پیدا کرنا نہایت ضروری ہے تاکہ زیادہ سے زیادہ مستحق بچے اس تعلیمی موقع سے مستفید ہو سکیں۔

اس سلسلے میں تمام NSSE پارٹنر اسکول مالکان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ وہ اپنے اسکول کے باہر کسی نمایاں اور آسانی سے دکھائی دینے والی جگہ پر ایک بورڈ آویزاں کریں، جس میں واضح طور پر درج ہو کہ پنجاب ایجوکیشن فاؤنڈیشن کے تعاون سے اس ادارے میں مستحق طلباء و طالبات کو مفت تعلیم اور مفت درسی کتب فراہم کی جارہی ہیں۔

لہٰذا تمام NSSE پارٹنر اسکول اس امر کو یقینی بنائیں کہ **منسلک ڈیزائن کے مطابق بورڈ تیار کر کے مورخہ 07 ستمبر 2026 تک اپنے اسکول کے سامنے، بالخصوص مین روڈ یا ایسی نمایاں جگہ پر آویزاں کر دیا جائے جہاں یہ عوام الناس کی نظر میں آسانی سے آسکے۔** واضح رہے کہ بورڈ کی تیاری اور تنصیب مقررہ ڈیزائن کے مطابق ہونا ضروری ہے تاکہ تمام NSSE اسکولوں میں یکساں تشہیری اور معلوماتی معیار برقرار رکھا جاسکے۔

نمونے کے طور پر بورڈ کی تصویر/ڈیزائن اس لنک https://ln.run/lGDbr سے حاصل کر سکتے ہیں اور کیمپس کے نام اور کوڈ کی تبدیلی کے لیے Adobe Illustrator کا استعمال کریں۔ نمونے کے طور پر بورڈ کی تصویر/ڈیزائن ااس سرکلر کے ساتھ منسلک بھی ہے۔

تمام پارٹنر اسکول مالکان سے توقع کی جاتی ہے کہ وہ اس ہدایت پر مقررہ مدت کے اندر عمل درآمد یقینی بنائیں تاکہ عوام میں پروگرام سے متعلق آگاہی بڑھائی جاسکے اور زیادہ سے زیادہ مستحق بچوں کو مفت اور معیاری تعلیم کی سہولت فراہم کرنے کے ہدف کو مؤثر انداز میں آگے بڑھایا جاسکے۔

خیر اندیش

Murat Bagwan

ڈائریکٹر (New Initiatives)

PUNJAB
Education Foundation

NSSE IRON BOARD



TECHNICAL SPECIFICATIONS	
ITEM	**SPECIFICATION**
Board Type	Iron Board (Double Sided)
Overall Board Size (W x H)	3′-0″ x 4′-6″
Printing Size (W x H)	2′-6″ x 4′-0″ (2.5 Feet x 4.0 Feet)
Border (Frame Width)	3 Inches (All Sides)
Ground Clearance	33 Inches (2′-9″)
Pole Material	MS GI Round Pipe 4″ Diameter (4 Inch) Gauge: 10 – 12
Frame Material	MS Rectangular Pipe 3″ (3inches) Gauge: 10 – 12
Board Sheet	MS Sheet (Double Sided) Gauge: 12 – 14
Corners	Rounded
Finish	Powder Coated / PU Paint Weather & Rust Resistant
Color Code	#166132 (Green)
Printing	UV Resistant Vinyl / Reflective Sticker (Both Sides)
Installation	Fixed in Concrete Foundation (As per Details Below)

INSTALLATION METHOD

- Dig two holes of size 1′-6″ (L) x 1′-6″ (W) x 2′-0″ (D).
- Insert poles and ensure proper alignment.
- Fill with concrete and level the base.
- Allow minimum 48 hours for setting.

BASE / FOUNDATION DETAILS



BASE PLATE DETAIL



Hole Diameter
3/4″ (For Anchor Bolt)

Plate Thickness: 1/4″

POLE DETAIL



GENERAL NOTES

- Structure is designed for outdoor use in all climatic conditions of Pakistan.
- All paints are weather proof, anti-corrosive and UV resistant.
- Regular inspection recommended for long lasting performance.

52-L, Gulberg III, Near Kalma Chowk, Lahore. Ph: 042-99232791- 98

Regional Office Rawalpindi
H#2-A, Main Gulzar-e- Qaid, Old Airport Road, Rawalpindi Ph: 051-9330273

Regional Office Multan
238, Model Town, Multan Ph: 061-6216299